# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON POVERTY ALLEVIATION AND SOCIAL SAFETY ON THE ZAKAT AND USHR (AMENDMENT) BILL, 2023

I, Chairperson of the Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, have the honor to present this report on the Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinances 1980, (XVIII of 1980) [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2023] (Government Bill) referred to the Committee on 24th February, 2023.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Ms. Saira Bano** | **Chairperson** |
| 2. | Malik Sohail Khan | Member |
| 3. | Ch. Muhammad Hamid Hameed | Member |
| 4. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 5. | Sardar Talib Hassan Nakai | Member |
| 6. | Syed Abrar Ali Shah | Member |
| 7. | Mr. Zulfiqar Ali Behan | Member |
| 8. | Syed Mehmood Shah | Member |
| 9. | Ms. Shagufta Jumani | Member |
| 10. | Mr. Salahuddin | Member |
| 11. | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| 12. | Ms. Nuzhat Pathan | Member |
| 13. | Mrs. Farukh Khan | Member |
| 14. | Minister In-Charge, Poverty Alleviation and Social Safety Division | Ex-Officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annexure-'A'**, in its meeting held on 6th April, 2023 and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 5th May, 2023

**Sd/-**
**(MS. SAIRA BANO)**
Chairperson

ANNEX-A

# [ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY ]

## BILL

*further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980*

WHEREAS it is expedient further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 (XVIII of 1980), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Zakat and Ushr (Amendment) Act, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Ordinance XVIII 0f 1980.-**In the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 (XVIII of 1980), hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 2, after clause (x), the following new clause (xa) shall be inserted, namely:-

"(xa) 'Division concerned' means the Division to which the business of this Ordinance stands allocated;".

3. **Amendment of section 13, Ordinance XVIII of 1980.** – In the said Ordinance, in section 13, in sub section (1), for the expression ",Religious Affairs, Zakat, Ushr and Minorities Affairs Division" ,the words "of the Division concerned" shall be substituted.

4. **Amendment of section 22, Ordinance XVIII of 1980.** – In the said Ordinance, in section 22,-

(a) in sub- section (1), for the expression " a Division to be known as the Religious Affairs, Zakat , Ushr and Minorities Affairs Division", the words " the Division concerned" shall be substituted; and

(b) in sub–section (2), for the expression "Religious Affairs, Zakat, Ushr and Minorities Affairs Division", the words " the Division concerned" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS.

**The subject of Zakat and Ushr has been re-allocated from Ministry of Religious Affairs and Inter-Faith Harmony to newly created Ministry of Poverty Alleviation and Social Safety w.e.f 19th April, 2019. Since the subject is being dealt in the Ministry in accordance with Sr.No.31AA the Rules of Business, 1973. In the presence of the Section 13 and 22 of the Zakat and Ushr Ordinance, 1980, this Ministry was facing legal impediment to deal with the subject of Zakat in this Ministry. In order to cope the position of this Ministry and for appropriate legal cover, amendments are proposed in the Zakat and Ushr Ordinance, 1980.**

**(SHAZIA MARRI)**
**Minister-in-charge**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## زکوٰۃ و عشر (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء پر قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ کی رپورٹ۔

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ۲۴ر فروری، ۲۰۲۳ء کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کردہ زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء (نمبر ۱۸ بابت ۱۹۸۰ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **محترمہ سائرہ بانو** | **چیئرپرسن** |
| ۲۔ | ملک سہیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری محمد حامد حمید | رکن |
| ۴۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۵۔ | سردار طالب حسین نکئی | رکن |
| ۶۔ | سید ابرار علی شاہ | رکن |
| ۷۔ | جناب ذوالفقار علی بیہن | رکن |
| ۸۔ | سید محمود شاہ | رکن |
| ۹۔ | محترمہ شگفتہ جمانی | رکن |
| ۱۰۔ | جناب صلاح الدین | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ نزہت پٹھان | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ فرخ خان | رکن |
| ۱۴۔ | وزیر انچارج، تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ نے ۶ر اپریل، ۲۰۲۳ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں (منسلکہ۔ الف) کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ اسمبلی پیش کردہ بل منظور کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری

دستخط/۔
**(سائرہ بانو)**
چیئرپرسن

اسلام آباد، ۵ر مئی، ۲۰۲۳ء

مسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں رونما ہونے والی اغراض کے لیئے زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء (۱۸ مجریہ ۱۹۸۰ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ زکوٰۃ وعشر (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس ۱۸ مجریہ ۱۹۸۰ء کی دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء (۱۸ مجریہ ۱۹۸۰ء)، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۲ میں، شق (دس) کے بعد، حسب ذیل شق (دس الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(دس الف) "متعلقہ ڈویژن" سے ڈویژن جس کو اس آرڈیننس کے اُمور متعین کیئے گئے ہوں، مراد ہے؛"۔

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۸۰ء، کی دفعہ ۱۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۱۳ میں، ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "، مذہبی امور، زکوٰۃ، عشر و اقلیتی اُمور ڈویژن" کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن کے" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۸۰ء، کی دفعہ ۲۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۲ میں،۔۔۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، عبارت "ڈویژن جو مذہبی اُمور، زکوٰۃ، عشر و اقلیتی اُمور ڈویژن کے نام سے موسوم ہے"، کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲)، میں عبارت "مذہبی اُمور، زکوٰۃ، عشر اور اقلیتی اُمور ڈویژن"، کو الفاظ "متعلقہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

زکوٰۃ وعشر کا موضوع وزارت مذہبی امور و بین المذاہبی ہم آہنگی سے نئی بننے والی وزارت تخفیف غربت و سماجی تحفظ کو ۱۱ اپریل ۲۰۱۹ء سے دوبارہ تفویض کیا گیا تھا۔ اس وقت سے اس معاملے کو قواعد ہائے کار ۱۹۷۳ء کے نمبر شمار ۳۱ الف الف کے مطابق نمٹایا جا رہا ہے۔ زکوٰۃ وعشر آرڈیننس ۱۹۸۰ء کی دفعہ ۱۳ اور ۲۲ کی موجودگی میں، اس وزارت کو زکوٰۃ وعشر کے موضوع سے متعلق معاملات کو نمٹانے میں قانونی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ وزارت کے معاملات کے ضمن میں اس صورتحال سے عہدہ برآ ہونے اور مناسب قانونی تحفظ کے لیئے، زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء میں ترامیم تجویز کی گئی ہیں۔

**(شازیہ مری)**

وزیرانچارج